SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, March 27, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty four minutes past ten in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الذین یلحدون فی ایتنا لا یخفون علینا۔ افمن یلقیٰ
فی النار خیر ام من یاتی امناً یوم القیمة۔ اعملوا
ماشئتم انه بما تعملون بصیر O ان الذین کفرو بالذکر لما
جآء هم وانه لکتب عزیز O لایته الباطل من بین یدیه
ولا من خلفه۔ تنزیل من حکیم حمید O

ترجمہ : جو لوگ ہماری آیتوں میں کجراہی کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ بھلا جو شخص دوزخ میں ڈالا جائے وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن و امان سے آئے؟ (تو خیر) جو چاہو سو کر لو۔ جو کچھ تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔ جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ ان کے پاس آئی ۔ اور یہ تو ایک عالی رتبہ کتاب ہے۔ اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا ہے نہ پیچھے

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, March 27, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty four minutes past ten in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الذین یلحدون فی ایتنا لا یخفون علینا۔ افمن یلقیٰ
فی النار خیر ام من یاتی امناً یوم القیمۃ۔ اعملوا
ماشئتم انہ بما تعملون بصیر O ان الذین کفرو بالذکر لما
جآء ھم وانہ لکتب عزیز O لایتہ الباطل من بین یدیہ
ولا من خلفہ۔ تنزیل من حکیم حمید O

ترجمہ : جو لوگ ہماری آیتوں میں کجراہی کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ بھلا جو شخص دوزخ میں ڈالا جائے وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن و امان سے آئے؛ (تو خیر) جو چاہو سو کر لو۔ جو کچھ تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔ جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ ان کے پاس آئی ۔ اور یہ تو ایک عالی رتبہ کتاب ہے۔ اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا ہے نہ پیچھے

سے ۔ (اور) دانا (اور) خوبیوں والے (خدا) کی اتاری ہوئی ہے۔

(سورہ حٰم السجدہ آیت ۴۰ تا ۴۴)

OATH TAKING

جناب چیئرمین۔ جناب اجمل دہلوی صاحب۔ تشریف لے آئیں۔

(جناب اجمل دہلوی نے حلف اٹھایا)

جناب چیئرمین۔ جی میرے خیال میں formal کارروائی کر لیں پھر اس کے بعد کرتے ہیں۔

(interruption)

Mr. Chairman: We can take it up, I know the point you want to make.

لیکن formal کارروائی کر لیں. Because that may take sometime.

Syed Iqbal Haider: Right sir.

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

Mr. Chairman: Panel of Presiding Officers; in exercise of powers conferred by Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, I nominate the following Senators in order of precedence to form the Panel of Presiding Officers for this Session of the Senate.

1. Ch. Muhammad Anwar Bhinder.
2. Mr. Shafqat Mehmood.
3. Mr. Bashir Ahmad and if in case he is not present
   Professor Sajid Mir

We have received information that Syed Ehsan Shah, the Member of the Senate has resigned from the Senate in terms of Rule 16 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988. Now, leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین۔ جناب سیف اللہ خان پراچہ صاحب علاج کی غرض ملک سے باہر ہیں اس لئے انہوں نے مورخہ 20 تا 31 مارچ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ قاضی محمد انور صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ 27 اور 28 مارچ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ خان عباس سرفراز صاحب نے ذاتی وجوہات کی بناء پر مورخہ 28 مارچ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: There are some Ordinances to be laid

وہ lay کر لیں then we will come to your point of order

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ ہاں جی۔ یہ formal کارروائی ہے۔ پہلے Ordinances

چوہدری اعتزاز احسن۔ ان Ordinances پر, another issue will be arising, so if you permit me......

Mr. Chairman: You see, because I have a feeling that the point that you are going to raise will require some arguments. Then why not get over with

the formal business.

Ch. Aitzaz Ahsan: May I just submit? On the Ordinances there are other issues that will be raised. I know that.

جناب چیئرمین۔ وہ پہلے کر لیں ۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ اس میں smother ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ Smother نہیں ہو گا۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ میں صرف اتنا عرض کرنا چاہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی۔

چوہدری اعتزار احسن۔ کیونکہ oath ممبر نے لیا ہے It is short point of order I

have اس کے بعد دیکھیں ۔ If this is taken up with your permission before the ordinances are laid down. I am very grateful. Mr. Chairman.

جناب چیئرمین۔ جی۔ جی چلیں۔

Ch. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman! I, first of all, would like to congratulate the two honourable Members who have just taken oath. Both will bring to this House great experience, learning and will certainly add to the level of debate and proceeding in this House. But at the same time as I congratulate them and as I felicitate them Mr. Chairman, I am also conscious of the fact that there is one other member of this House who has presently been prevented from participating, prevented even from taking oath, before you to become that way a member. He is the member elect, Mr. Chairman, about him that is Mr. Asif Ali Zardari, I have already sent written request to you as the leader of the Parliamentary Party on behalf of the entire parliamentary party of the Pakistan Peoples Party, which count not me alone but to several other honourable Members

of this House and I have requested you in that Mr. Chairman, as you are doubtless aware that you direct by summoning in terms of Rule 72-A of Mr. Asif Ali Zardari, who is at present an under trial prisoner in Karachi. It is my submission and hope that you will exercise that authority and power that vest in you. And then the law, of course, can take its course and the production of Mr. Asif Ali Zardari to first of all take oath and, therefore, his presence as per Rule 72-A is necessary in the proceedings because he has to take oath. And thereafter, of course, we also need to sit and as to our strength in the opposition and the Opposition plays a crucial role in the proceedings of the House. As the opposition plays a very substantial and very necessary role and we need his presence and his input and advice in the proceedings of the House. So, I would request you on a point of order Mr. Chairman that an appropriate order be made under Rule 72-A, to direct the production ......

Mr. Chairman: I will take it up.

Dr. Abdul Hayee Baloch: Point of order sir.

جناب چیئرمین- پہلے میں ذرا فارمل کارروائی کرلوں پھر سب پہ آتا ہوں-

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ- میں اسی کے بارے میں----

جناب چیئرمین-میں اسی کے بارے میں سنوں گا-

Mr. Chairman: There is a motion for the suspension of the question hour because the session was called at ....

Mian Raza Rabbani: Sir, I am grateful to you as far as the motion for the suspension of the question hour is concerned, I would like to state that you are well aware that question hour is essentially a time which belongs to the

opposition . And it is a period which entitles the opposition to hold the government accountable for its actions , the action of a body or semi autonomous body. But here it seems that the new Law Minister or the Advisor for Law has deliberately created a situation, whereby the Government would not be held accountable in terms of question hour for almost two weeks of this current session. I would like to draw your attention to the fact sir, on the 21st of March, the new Senate, as half of its members retired and on the 21st of March, a new set of half of the members took oath. After the 21st of March, the 22nd passed, the 23rd passed, the 24th passed and you would recall that I came to your chamber and I asked you that whether the session of the Senate would be summoned in the coming days or not. And you very kindly informed me that for the moment there is no programme of the Government to summon the session. And I brought it to your notice that this query is being made by me for the simple reason that we would like to move questions, we would like to move adjournment and privilege motions and call attention notices. And , therefore, it is necessary that we are aware as to when the session is to be summoned. But on the 26th, the honourable Advisor for Law who refuses to come to this House, he was not present here on the 20th, he was not present yesterday in the joint sitting of Parliament and again today he has moved an application for two days leave. I do not know whether this reflects the contempt in which he holds Parliament and parliamentarian as exhibited by him in his arguments in the Supreme Court , but the question is that on the 26th, he summons the House for the 27th and what happens sir, I would just like to bring it in your notice.....

جناب چیئرمین ۔ ذرا شارٹ کریں ۔اتنا لمبا نہ کریں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I would bring it to your notice. This is a very important issue.

Mr. Chairman: I know it is very important but you are fine lawyer, you have the capacity to condense your arguments in the shortest possible time.

Mian Raza Rabbani: Sir, I am just doing that. I will just take another minute. I am grateful. Sir, I would bring to your notice the Senate Secretariat circular which was circulated yesterday and it is also dated the 26th of March. The Senate circular lays down the rota days......

جناب چیئرمین۔ لمبی بات نہ کریں آپ اس میں کیا کہنا چاہ رہے ہیں۔ What you are saying is میری بات سنیں۔ میں سمجھ گیا ہوں ۔ آپ یہ کہنا چاہ رہے ہیں۔ آپ rota day کی بات بعد میں کریں ۔ آپ یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ شارٹ نوٹس پہ کیا گیا ہے۔ وقت آپ کو پورا نہیں ملا اور Question Hour جو ہے وہ بڑا important ہوتا ہے۔ اس کو آنا چاہیئے۔

میاں رضا ربانی ۔ میں آپ سے Question Hour کے متعلق بات کر رہا ہوں اور یہ rota day سے متعلق نہیں ہے ۔ میں آپ سے یہ عرض کر رہا ہوں کہ 26 کو یہ سرکلر ہمیں ملا ہے۔ چھبیس کی شام کو۔

جناب چیئرمین۔ تھوڑا وقت ملا ہے آپ کو ۔

میاں رضا ربانی ۔ اور جناب اس میں نہیں ہے جو میں آپ سے عرض کر رہا ہوں وقت تو اس میں ملا ہی نہیں ہے۔ اس میں جیسے دیا ہے کہ Saturday the 5th of April کو جو Ministries or Divisions take up ہوں گی ان کا آخری دن questions کا بائیس مارچ 1997 ہے یعنی وہ دن گزر چکا ۔ اس طرح سات اپریل کو جو Ministries اور Divisions take up ہوں گی ان کا last day of submission of question جو ہے چوبیس مارچ ہے ۔ اسی طرح آٹھ اپریل کو -----

جناب چیئرمین ۔ What you are trying to say is کہ Question Hour ہونا چاہیئے نہ کہ ہمیں کرنی چاہئیں ۔

میاں رضا ربانی ۔ جناب Question Hour ہونا چاہیئے ۔

جناب چیئرمین ۔ I agree with you , there is no problem on this ایک منٹ آپ بیٹھیں پہلے ایک پوائنٹ let me settle one point of order, no, no اس پوائنٹ پر ایک ہی آدمی بات کر سکتا ہے ۔ پلیز صفدر صاحب ۔ میں نے سمجھ لیا ہے ۔

No. No. Please sit down, the point of order I have to dispose of. I have to dispose of one point of order before I take another one. I will not listen to you Dr. Sahib please sit down

میں اگر نہیں سمجھا تو میں ان سے دوبارہ پوچھ لوں گا ۔ جناب رضا ربانی صاحب سے اگر میں نہیں سمجھا وہ اچھے بھلے وکیل ہیں سمجھا سکتے ہیں ۔ اگر میں نہیں سمجھا تو ان سے پوچھ لوں گا ۔ اگر وہ نہیں سمجھے تو مجھ سے پوچھ لیں گے ۔

but let me dispose of this point of order. I agree with the honourable Senator, that it is important that we should have question hour in accordance with the rules and it is unfortunate that the session has been summoned at such a short notice. I do hope that we will be able to have question hour

جناب راجہ صاحب

(مداخلت)

جناب چیئرمین ۔ جی راجہ صاحب - Please Dr. Sahib sit down راجہ صاحب I would like کہ یہ question hour جو ہے یہ delay نہ ہو اور آج تو مجبوری تھی لیکن what about future

راجہ محمد ظفر الحق ۔ جناب چیئرمین! ہم question hour کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اور میں agree کرتا ہوں کہ question hour نہ صرف اپوزیشن کے لئے بلکہ سارے ہاؤس کے لئے بہت ضروری ہوتا ہے اور جیسے آپ نے فرمایا کہ یہ چونکہ جلدی میں بلایا ہوا سیشن ہے اور پہلے اس سے آرڈیننسز کے ذریعے سے legislation ہوتی رہی ہے ۔ خواہش حکومت کی یہ ہے کہ پارلیمنٹ کے اندر legislation ہو ۔ اس لئے سارے آرڈیننسز جلدی سے جلدی ہاؤس کے اوپر

لے کر جا رہے ہیں اور اس میں بز بنائے جا رہے ہیں ۔ اسی مصروفیت کی وجہ سے آج Adviser on Law and Justice نہیں آ سکے یہ کہنا کہ وہ بیں کو بھی نہیں آئے ۔ بیں کو بھی وہ بعد میں حاضر ہو گئے تھے ۔ Joint Session میں بھی کل وہ موجود تھے۔ معلوم نہیں کہ آپ نے کیوں نہیں دیکھے وہ۔ کل موجود تھے۔ میں نے خود دیکھا ہے وہ موجود تھے۔ اس لئے آئندہ جو ان کا پیریڈ آتا ہے جونہی questions آئیں گے ----

جناب چیئرمین ۔ دیکھیں Tomorrow is Friday

میاں رضا ربانی ۔ اس حساب سے دس تاریخ تک وہ نہیں آئیں گے ۔

جناب چیئرمین۔ ہم چاہیں گے کہ

I would say that we will shorten the notice period

راجہ محمد ظفر الحق ۔ میں اس لئے بجائے اس کے کہ سارے question hour کو ہی نکال دیا جائے ۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ questions دینے کی جو میعاد ہے اس کو کم کر دیا جائے ۔ جتنا بھی آپ کم کر دیں ۔

جناب چیئرمین۔ اس کو کم کر دیا جائے

So, I would expect, you see tomorrow again is Friday which is a very short period but I would expect that from Monday onwards we should have a Question Hour in accordance with the rules and if it requires shortening the notice period, we will do that. So, from Monday onwards please make sure that all the Ministries do reply to the questions and we can take it up.

دوسرا پوائنٹ انکا یہ ہے کہ

Schedule of sitting for the whole year. Again this has been the practice of this House and I would like you to kindly ask the Law Advisor to give us in the next few days, a schedule of sitting for the whole year.

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Today we had our

parliamentary party meeting and this was point No. 1 that we decided to have a schedule of legislation in the year.

Mr. Chairman: Mr. Sartaj Aziz , please move the motion under Rule 236.

Mr. Sartaj Aziz: I move under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that the requirements of Rule 38 regarding the question hour be dispensed with.

Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Sartaj Aziz under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that the requirements of Rule 38 regarding question hour be dispensed with.

(The motion was carried.)

Mr. Chairman: The motion is adopted.

Mian Raza Rabbani: Point of order sir. As far as the question of ordinances is concerned, I would like to submit that even during the period of opposition and subsequently, after coming into power the present government and more so from the present government the advisor has been trumpeting a lot about the non-repromulgation or ordinance being promulgated and governance being done through ordinances. First of all sir, I take exception to the fact that there are a number of ordinances that are being tabled today which were promulgated during the era of the caretaker government. I would most humbly submit that the caretaker government did not enjoy a mandate to legislate and particularly legislate in such spheres of national and political life that would have a far reaching and far bearing effect on the socio economic and political situation in Pakistan. The mandate of the caretaker government has been explicitly

defined by various Supreme Court rulings and more so in the judgement of Mian Nawaz Sharif case wherein only those actions of day to day running of the affairs of the federation have been given validation. So, therefore, I thought it would have been appropriate for the present incumbent government to have rejected or let those ordinances which had been issued by the caretaker government to lapse and there ordinances should not have been repromulgated and there ordinances should not have been laid on the floor of the House. They should have been allowed to lapse and fresh legislation in that respect should have been brought about by the incumbent government.

As far as the question of legislation through ordinance is concerned, one of the last ordinances which is on the order of the day today which deals with in all probability, the Marriage Ordinance, that ordinance has been promulgated 'The Marriages Prohibition of Wasteful Expenses Ordinance 1997' which is at serial no.34, has been promulgated by this government and it has been promulgated by this very Adivsor for Law and Parliamentary Affairs who has been carrying on a crusade against ordinances. Therefore, sir, I would most humbly submit that we as a party take exception to these ordinances being laid essentially, on the basis that the caretaker government did not have a mandate to legislate to this extent and that is contrary to their own claim. This government has also started to do legislation through ordinances despite the fact that it has a vast majority. I would just take one second more and say the excuse that has been given by Raja Sahib for the nonpresence of the Advisor for Law And Parliamentary Affairs is no excuse for the simple reason that the paramount duty of an Advisor for Law Justice and Parliamentary Affairs is to be present in the House and in fact the motion that has been moved by the honourable Sartaj Aziz

should have been moved by him. It is his paramount duty to be present in the House. The other legislative business he has to do with reference to his Ministry is something that he has to squeeze time out of his personal time and not to impinge on the time of the House. And further sir, I will just wind up by saying that you yourself are incapacitated without the Law Minister for the simple reason that if you go through the Rules of Procedure of the Senate, you would find that at every step wherever the government has to be taken into consultation, the Chairman has to enter into consultation with the Advisor or the Minister for Law and Justice. So, therefore, your functioning also is being impeded by the fact that the Advisor is not present.

جناب چیئرمین: تو آپ کا کہنا ہے کہ یہ table نہیں ہو سکتے؟

میاں رضا ربانی۔ نہیں نہیں جناب' I will just raise the point of order on that!

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ تو please یہ ذرا move کر دیں تاکہ یہ lay ہو جائیں۔ جی

جناب Minister for Foreign Affairs

LAYING OF ORDINANCES

Mr. Gohar Ayub Khan: Thank you, sir. Sir, I beg to lay before the Senate the following Ordinances as required by Clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan :-

1. The Ehtesab (Second Amendment) Ordinance, 1997 (XI of 1997).
2. The Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Ordinance, 1997 (XII of 1997).
3. The Central Depositories Ordinance, 1997 (XIII of 1997)

4. The Heavy Industries Board Ordinance, 1997 (XIV of 1997)

5. The Freedom of Information Ordinance, 1997 (XV of 1997)

6. The Federal Judicial Academy Ordinance, 1997 (XVI of 1997)

7. The General Clauses (Amendment) Ordinance, 1997 (XVII of 1997)

8. The Representation of the People (Amendment) Ordinance, 1997 (XVIII of 1997)

9. The Ehtesab Ordinance, 1997 (XX of 1997)

10. The Representation of the People (Second Amendment) Ordinance, 1997 (XXI of 1997)

11. The Prohibition of Division of Residential Plots Ordinance, 1997 (XXII of 1997)

12. The Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) (Amendment) Ordinance, 1997 (XXIII of 1997)

13. The Offence in Respect of Banks (Special Courts) (Amendment) Ordinance, 1997 (XXIV of 1997)

14. The Banking Companies (Recovery of Loans, Advance Credits and Finances) Ordinance, 1997 (XXV of 1997)

15. The Patents and Designs (Amendment) Ordinance, 1997 (XXVI of 1997)

16. The Pakistan Environmental Protection Ordinance, 1997 (XXVII of 1997)

17. The Unani, Ayurvedic and Homeopathic Practitioners (Amendment) Ordinance, 1997 (XXVIII of 1997)

18. The Resolution Trust Corporation of Pakistan Ordinance, 1997

(XXX of 1997)

19. The Islamabad Capital Territory Pre-emption Ordinance, 1997 (XXXI of 1997)

20. The National University of Science and Technology Ordinance, 1997 (XXXII of 1997)

21. The Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 1997 (XXXIII of 1997)

22. The Capital Development Authority Special Court (Recovery of Illegal Gains) Ordinance, 1997 (XXXIVof 1997).

23. The Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 1997 (XXXV of 1997)

24. The Exchange Risk Coverage Ordinance, 1997 (XXXVI of 1997)

25. The Senate (Elections) (Amendment) Ordinance, 1997 (XXXVII of 1997).

26. The Legal Reforms Ordinance, 1997 (XL of 1997)

27. The Code of Criminal Procedure (Amendment) Ordinance, 1997 (XLI of 1997)

28. The Pakistan Arms (Amendment) Ordinance, 1997 (XLII of 1997)

29. The Control of Narcotics Substances Ordinance, 1997 (XLIII of 1997)

30 The Karachi Port Trust (Amendment) Ordinance, 1997 (XLIV of 1997)

31. The Pakistan Electric Power Regulatory Authority Ordinance, 1997 (XLV of 1997)

32. The Pakistan Rangers (Amendment) Ordinance, 1997 (XLVI of 1997)

33. The Registration of Printing Press and Publications Ordinance, 1997 (XLVII of 1997)

34. The Marriages (Prohibition of Wasteful Expenses) Ordinance, 1997 (XLVIII of 1997)

Mr. Chairman: The Ordinances stand laid.

Syed Iqbal Haider: Sir, it is an irony of fate that the honourable member who used to oppose the laying of the Ordinance so vehemently and vigorously in the National Assembly has achieved a unique distinction which should be recorded in the Guinnes Book of Record of having acquired the privilege of presenting the largest number of ordinances in any one day in any parliamentary year. This is an irony of fate.

اور بدلتا ہے رنگ آسمان کیسے کیسے

جناب چیئرمین۔ ابھی تو بہت کچھ بدلے گا۔ جی بھنڈر صاحب۔

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, as far as the promulgation of ordinances is concerned we have been opposing it, we will oppose it and we are not in favour of issuing ordinances. Sir, I would like to place before this August House the figure; in the year 1996 when the Peoples Party's Government was there , they issued 110 ordinances and 15 by the Caretaker Government. In the year 1997, 48 ordinances have been issued so far and 36 by the Caretaker and 12 by the present Government but sir, if you see those ordinances, out of those ordinances there is only one Ordinance which is at number 34 about the Marriages Wasteful Expenses. That is the only ordinance which has been

practically issued by this government otherwise all the ordinances are the legacy of the past either of the Pakistan Peoples Party for their renewal again and again which they have been doing for 3 years or the Caretaker and what the Government has done is to place before the House all the ordinances. Should they not have placed before the House ? That is their duty to place before the House all the ordinances which have been placed before the House and sir we have been agitating. Therefore, this meeting has been called on 22nd of May that the Government and the Pakistan Muslim League and its allies , they want that the legislation should be inside the House. It will be "Inshaallah" inside the House and here we would be requiring to make amendments, propose the amendments and then the Bill would be passed. It is not correct that we believe in issuing of the ordinances. We don't believe in the issuing of ordinances as was done by the Pakistan Peoples Party.

Mr. Chairman: The encouraging feature is that both sides of the House want that there should be legislation and there should be less stress as regard the ordinances, I would welcome that and let's hope that we will get on Bill, the legislative work.

Mian Raza Rabbani: Sir, on a point of explanation. Sir, I just want to set the record correct. That on the 5th of November 1996, when the Government was dismissed , at that time there were only 26 live ordinances that were holding the field. Otherwise the figure that Bhinder Sahib has given, with utmost respect to him, I have a great deal of respect to him , are the figures of ordinances which have been repromulgated but in fact live ordinances holding the field were only 26.

Mr. Chairman: I see, so if they were only 26 then legislative Bill will be nothing left.

Mian Raza Rabbani: Sir, as far as our back log is concerned , back log of 52 ordinances is that of the Caretaker Government.

جناب چیئرمین۔ تو اس میں بھی تو repromulgation ہو گی۔

میاں رضا ربانی۔ نہیں جناب اس میں غالباً 52 ان کے اپنے آرڈیننس ہیں۔

جناب چیئرمین۔ نئے والے۔

میاں رضا ربانی۔ نئے والے اور .not repromulgated -

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I have the list of the promulgated ordinances and on that basis I have made this statement.

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ہو گئی بات۔ جی ظفر صاحب۔

جناب ظفر محمد ۔ جناب آج جو بہت سے Ordinances Table پر آ گئے ہیں - گزشتہ تین سالوں میں تو ہم نے یہ دیکھا اور یہ کہتے رہے کہ ان Ordinances سے حکومت نہ چلائی جائے ۔ بہت سے motions بھی آئے اور سپریم کورٹ کی بات بھی ہوئی کہ سپریم کورٹ نے کہا کہ آرڈیننس اگر ایک دفعہ ختم ہو جائے تو پھر اس کو دوبارہ issue نہیں کیا جا سکتا تو یہ تو اچھی بات ہے کہ Ordinances کی حکومت ختم اور قانون کی حکومت شروع ہو رہی ہے ۔ اس حکومت کے ساتھ ساتھ آپ کے وہ جو الفاظ تھے وہ مجھے اچھی یاد ہیں۔ ریکارڈ بھی اس بات کا گواہ ہے کہ آپ نے ہمیشہ اس طرف اشارہ کر کے کہا ہے وزراء صاحبان کو ، جب وہ یہاں پر تھے کہ بھئی آپ تو آجاتے ہیں مگر آپ کی منسٹریز یہاں پر نہیں آتی ہیں، کوئی سننے والا نہیں ہوتا ہے اور یہاں کی جتنی کارروائی ہے وہ بے مقصد ہوکر رہ جاتی ہے، اس لئے جو منسٹر صاحبان آتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ ان کے ساتھ ان کی پوری منسٹری کے لوگ ہوں تاکہ انہیں پتہ چلے کہ یہاں پر ڈیبیٹ کیا ہو رہی ہے، کس بات پر ہو رہی ہے، اس میں قوم کا ، ملک کا کتنا فائدہ ہے اور انہوں نے کیا کرنا ہے۔ آج میں یہ سمجھتا ہوں ، بیٹھا ہوا تو میں اس طرف ہوں، لیکن میں یہ

سمجھتا ہوں کہ ہمارے وزراء صاحبان اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ جب یہ آئیں تو ان کی منسٹریز بھی یہاں پر آئیں تاکہ جو اس ہاؤس میں ہو رہا ہے اس کی اہمیت قوم بھی سمجھے ، یہ بھی سمجھیں اور حکومت بھی سمجھے۔ اگر یہ چاہتے ہیں کہ یہ اچھی حکومت ہو اور جتنا بڑا مینڈیٹ ہے ان کے پاس' اس مینڈیٹ کا یہ فرض بنتا ہے ان کے اوپر کہ اپنی منسٹریز کو یہاں پر لے کر آئیں اور وہ منسٹریز یہاں پر بیٹھ کر دیکھیں کہ یہاں پر کیا کہا جا رہا ہے اور قوم ان سے کیا توقعات رکھتی ہے۔ شکریہ جی۔

Mr. Chairman: I think this is a very good suggestion.

یہ پہلے بھی میں نے کہا ہے کہ جب وزراء یہاں پر ہوں تو ان کی منسٹری کے نمائندے بھی یہاں پر موجود ہوں تاکہ وہ نوٹس لے سکیں اور بتا سکیں کہ بھئی ہاؤس کے مختلف issues پر کیا sentiments ہیں

it will help the Ministers also. So, Raja Sahib I hope that you will make arrangements so that at least the matters which are being taken up, the officials concerned with those matters are present to take notes and then tell the Minister what is happening.

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Sir, it is a policy matter and it has been decided that the representatives of the concerned Ministries would be present here to assist the Minister.

جناب چیئرمین۔ جی جناب گوہر ایوب صاحب۔

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir, the honourable Senator from Karachi, they deal, they have right to oppose the ordinances because they used to be dealt every day and they did very effectively by the grace of God and as a result, that we are now going for legislation. Sir, if I have your permission, there is Northern Areas Council meeting today.....

جناب چیئرمین۔ آج آپ کو اور کوئی کام تو نہیں ہے۔

جناب گوہر ایوب خان۔ نہیں ہے جناب۔

Mr. Chairman: If we need you, we will request you to come again.

Mr. Gohar Ayub Khan: Yes, sir, I will be dealing with, for the time being on the Law, Parliamentary Affairs, Human Rights and there are other five or six Ministries.

Mr. Chairman: You are dealing with the Law Ministry.

Mian Raza Rabbani: Sir, the Advisor for the Law Ministry is a member of this House then why he does not come to this House.

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir, in the National Assembly and in the Senate, I will be dealing.

(interruption)

جناب چیئرمین۔ یہ فیصلہ آپ نے تو نہیں کرنا اور نہ میں نے کرنا ہے، یہ تو وزیراعظم نے کرنا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, the point is this that he is a member of the Senate,why he is running away.

اشتہار اگر کہتے ہیں تو دے دیتے ہیں کہ واپس آجائیں ہاؤس میں کچھ نہیں کہیں گے۔ جناب پوائنٹ
یہ ہے کہ ایک ایڈوائزر ہے، اس ہاؤس کا ممبر ہے وہ آ نہیں رہا، نیشنل اسمبلی کے ایک
honourable member وہ portfolio دیا جا رہا ہے۔ یا تو یہ کہیں کہ he can't run the House.
When the Law Minister is not coming into the House, what reflection is it on the public.

جناب چیئرمین۔ نہیں اب آپ مجھے بتائیں کہ این۔ ڈی۔ خان صاحب منسٹر تھے، کام آپ کرتے تھے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I was Minister of State for Law and

Justice.

جناب چیئرمین۔ نہیں یہ معاملہ ایسا ہے کہ اس پر فیصلہ تو وزیراعظم نے کرنا ہے ، اب نہ میں کرسکتا ہوں اور نہ آپ کر سکتے ہیں۔

راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! یہ درست ہے کہ اپوزیشن کا ایک رول ہوتا ہے اور اپوزیشن کو بہت ساری باتیں پوائنٹ آؤٹ کرنی چاہئیں اور یہی ان کا مقصد بھی ہے لیکن کچھ لگتا ایسا ہے کہ بہت زیادہ یہ personalised سلسلہ ہوتا جا رہا ہے against the Advisor to the Prime Minister for Law and Parliamentary Affairs. باقی یہ کہ یہ collective responsibility ہے ، جس آدمی کے ذمے جو ڈیوٹی لگائی جائے وہ اس کو پورا کرے گا۔

Mr. Chairman: I am sure as time goes on,

یہ ٹھیک ہو جائیں گے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب میں وضاحت کردوں کہ یہ معاملہ personalised نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ کسی بھی Parliamentary form of Government کے اندر pivotol figure جو ہے وہ Minister for Law, Justice and Parliamentary Affairs ہوتا ہے اور آپ بھی Minister for Law, Justice and Parliamentary Affairs رہ چکے ہیں اور آپ کو پتہ ہے کہ جب Minister for Law, Justice and Parliamentary Affairs نہیں ہوتا یا Prime Minister House میں نہیں ہوتا تو

it is his responsibility to run the House and therefore, he is not present that is why it is seeming that it is personalised, otherwise we have nothing personal against him.

Mr. Chairman: However, when we have difficulty, we will bring it to the notice of the Government.

جی جناب ڈاکٹر حئی صاحب ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ شکریہ ، میں حکومت کی اس پالیسی کو خوش آمدید کہتا ہوں

کہ جو انہوں نے آرڈیننس فیکٹریوں کو تالے لگائے ہیں ۔ Ordinances فیکٹر ی کو بند کیا ہے کیونکہ یہ پچھلی حکومت کے دوران ایک بڑا مسئلہ تھا۔ یہ اچھی بات ہے اور خوش آئند بات ہے ۔ ہم ان سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس پالیسی پر کارفرما رہیں گے ۔ دوسری جو انہوں نے اچھی بات کی ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے ممبران کو کم از کم اس عذاب سے فارغ کر دیا ہے کہ ان کا کام سکیمیں دینا نہیں ہے ۔ یہ ایک اور بھی اچھی بات انہوں نے کی ہے کہ وہ سکیمیں دینے سے آزاد ہو گئے ہیں ۔ یہ کام لوکل کونسل کا تھا ۔ضلع کونسل میں جو لوگ ہوتے تھے ' ان کا یہ کام ہوتا تھا اور legislators جن کا کام legislation ہوتا تھا'وہ یہ کام نہیں کر پا رہے تھے ۔یہ بھی ان کی ایک خو ش آئند پالیسی ہے ۔

میں اپوزیشن سے بھی عرض کروں گا کہ قانون سازی میں تعاون کریں ۔ یہ پورے ملک کا مسئلہ ہے یہ صرف ایوان اقتدار کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ حزب اختلاف کا بھی مسئلہ ہے کہ وہ قانون سازی میں ' جہاں تک ممکن ہو سکے' زیادہ سے زیادہ وقت دیں اور قانون سازی میں جو وہ ترامیم دینا چاہیں ' وہ دیں 'یہ حزب اختلاف کا حق ہے مگر قانون سازی کو جاری رہنا چاہیئے۔ تا کہ ہم یہ ثابت کر سکیں کہ اس ملک میں پارلیمنٹ بااختیار ہے ۔sovereign ہے ۔ یہی صرف ملک کے اندر قانون سازی کر سکتی ہےاور قانون کا سرچشمہ پارلیمنٹ ہے ۔ تو یہ دونوں کے تعاون سے ہی ہو سکتاہے ۔ حزب اختلاف اور حزب اقتدار ' دونوں کے تعاون سے ہی ہم پارلیمنٹ کی sovereignty کو بہتر بنانے میں کامیاب ہو سکیں گے ۔یہ باہمی تعاون سے ہی حاصل ہو سکتی ہے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی بات ختم کروں گا کہ قانون سازی میں حزب اختلاف اور حزب اقتدار تعاون کریں گے ۔

POINT OF ORDER

Re: THE ISSUANCE OF PRODUCTION ORDER

Mr. Chairman: Now I will take up the point of order raised by Mr. Aitzaz Ahsan about production order. Is there anything that you want to add to what you have said?

Ch. Aitzaz Ahsan: Certainly, Sir. This is what I wish to say. There is Rule 72(a) under which you have the power.

Mr. Chairman: You think, I have the powers, you think so.

Ch. Aitzaz Ahsan: You have, in the past, given a ruling.

Mr. Chairman: No, but are you convinced I have the powers.

Ch. Aitzaz Ahsan: I am convinced that you have the powers, sir. I have never ever said anything anywhere on the floor of the House or else where, not even expressed that you do not have the powers. I am very clear in my mind.

Mr. Chairman: But have you consulted Mr. Raza Rabbani on this issue?

Ch. Aitzaz Ahsan: I will, in case there is an objection from the other side and some valid reasons are given in that objection, I will certainly respond to that and respond on behalf of the parliamentary party including Mr. Raza Rabbani.

Mr. Chairman: O.K.

Ch. Aitzaz Ahsan: And the position that he has taken certainly I will.

Mr. Chairman: I would like that all these aspects to be thrashed out so that if I pass an order, I don't want it to be not implemented. I don't want to just pass orders in the vacuum. I want to be sure that whatever I do is according to the law and the rules..

Ch. Aitzaz Ahsan: And what was the position of the then Opposition and now Government as per your ruling is also very clear, they consider and this is stated and mentioned in that and in the proceedings that the Federal Government is bound by your ruling and the Provincial Governments and all authorities which hold a member of this House in custody are bound to comply with the ruling. So at the moment I think quite frankly with all humility sir, there should be no difficulty. I pointed it out. I don't think they will really have any objection. I am trying to point out that this was the position taken by the previous government.

Mr.Chairman: Government is government, either previous or present.

ہم سے تو ہر گورنمنٹ وہی بات کرتی ہے۔

Ch. Aitzaz Ahsan: With great respect may I submit sir, that you will see actually that there is no any conciliable impediment in your ruling and what was the position of the previous government. I think it can be facilitated even if we were to consider that we on this side today or the detained Senator Mr. Asif Ali Zardari are in any way bound and his right can be jeopardized by a position that was taken in the past government. I would still nevertheless say that position is not in conflict with his right of being produced here and if anything they were misinterpreting, but I would leave that.

Mr. Chairman: Let us see. Dr. Hayee Sahib.

یہ چونکہ نہ حکومت میں ہیں اور نہ ہی اپوزیشن میں ہیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا! میں اپوزیشن میں ہوں۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ حکومت کی جو مثبت پالیسیاں ہوں گی، جو عوام اور ملک کے مفاد میں ہوں گی، خلق خدا کے مفاد میں ہوں گی، ان کی ضرور سپورٹ کروں گا۔

جناب چیئرمین۔ یہی تو میں کہہ رہا ہوں۔ آپ تو اصول پرست پارٹی کے رکن ہیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ بالکل۔ ہم بات وہ کریں گے جو ملک اور ملک کے عوام کے مفاد میں ہو گی۔

ایک معزز رکن۔ جناب والا! میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ پہلے حئی صاحب کی بات سن لیں یہ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ پھر آپ سے بات ہو گی۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا! میں آپ کے توسط سے حکومت کو یہ گزارش کروں گا کہ ماضی کی جو روایات ہیں اس کو چھوڑیں۔ اگر ماضی کی حکومت نے اس بات پر توجہ نہیں دی ہے، آپ کے حکم کی تعمیل نہیں کی ہے اور چیئرمین کی رولنگ کا احترام نہیں کیا ہے تو میں سمجھتا ہوں اس کو کسی نے بھی اچھا نہیں کہا ہے۔ سارے ملک کے جو ڈیموکریٹ تھے جو جمہوری سوچ رکھنے والے لوگ تھے انہوں نے اس کو condemn کیا ہے اور اس معزز ایوان میں بھی لوگ کہتے تھے کہ بھئی یہ غلط ہو رہا ہے۔ چیئرمین سینٹ کی رولنگ کا احترام نہیں ہو رہا ہے یا سپیکر قومی اسمبلی کی رولنگ کا احترام نہیں ہو رہا ہے۔ یہ باتیں درست تھیں اور ساری دنیا نے اس کی ملامت کی، میں موجودہ حکومت سے عرض کروں گا کہ دیکھیں پارلیمنٹ کا جو کام ہے یا پارلیمنٹ کی جو ذمہ داری ہے۔ یہ مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اکیلے ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی اور تالی کو دونوں ہاتھوں سے بجنا چاہیئے۔ حزب اختلاف اور حزب اقتدار کو اس ملک کے اندر جمہوری روایات قائم کرنے کے لئے بڑے دل سے کام لینا چاہیئے۔ خاص طور پر حکمران پارٹی کو کیونکہ یہ اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ حزب اختلاف کو اپنے ساتھ لے کر چلے۔ آج کی حزب اختلاف کو محسوس کرنا چاہیئے تھا کہ ایک دن ان کے لئے بھی ایسا آئے گا۔ آپ نے بہت اچھا پوائنٹ آؤٹ کیا کہ اس وقت ہمارے اختیارات کہاں تھے۔ تو یہ بالکل درست فرمایا آج یہ اس پوزیشن میں نہیں ہیں۔ یہ حیران پریشان ہیں کہ کیا کہیں۔ ان کے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ نہیں کوئی جواب نہیں ہے، آپ کے پاس کیا جواب ہے۔ کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ لوگوں نے کوئی روایت ہی قائم نہیں کی۔

حقیقت یہ ہے کہ اس کا صلہ سب کو ملے گا ۔ابھی مل رہا ہے ۔ میری گزارش ایک تو یہ ہے کہ حکومت کو روایت سے ہٹ کر کیونکہ آصف زرداری صاحب سینٹ آف پاکستان کے ایک elected member ہیں ۔ کوئی بھی elected ممبر ہو ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کابنیادی حق بنتا ہے کہ ان کو اس ہاؤس میں ہونا چاہیئے ۔اس کو حلف بھی لینا چاہیئے اور اس کو اپنا ایک کردار بھی ادا کرنا چاہیئے ۔جہاں تک مقدمے کا تعلق ہے وہ عدالت کے ذریعے اپنا دفاع کر سکتا ہے ۔ مگر ایوان میں اس کی ذمہ داری ایک elected member کی حیثیت سے ہے ۔ اگر وہ اپوزیشن میں ہے تو کوئی گناہ نہیں ہے ۔اس کو اپنا فرض پورا کرنے کا پورا موقع ملنا چاہیئے ۔آپ بھی اس میں ہماری امداد فرمائیں اور حکومت سے بھی عرض کروں گا کہ وہ روایت set کرے۔ قانون ہے، نہیں ہے وہ الگ بات ہے لیکن ایک اچھی روایت ہے۔ کوئی بھی elected member جو ہے وہ اس معزز ایوان میں کیوں نہ موجود ہو ،میں جناب چیئرمین ! آپ سے بھی عرض کروں گا کہ Production Order جاری کریں اور حکومت سے بھی عرض کروں گا کہ وہ اس پر توجہ دے اور اس کو عملی جامہ پہنائیں۔

دوسری بات میں آپ سے عرض کروں گا کہ آٹا ملک میں بالکل ختم ہے ۔ نہیں مل رہا ہے----

جناب چیئرمین۔ پہلے ایک ایشو حل کر لیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ آٹا غریب لوگوں کو نہیں مل رہا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ یہ next issue آنے والا آئے گا ۔پہلے ایک ایشو کو ختم کر لیں ۔ مجھے پتہ ہے کہ آپ اس کے بعد بلوچستان پر آئیں گے۔ حافظ فضل محمد صاحب ۔

حافظ فضل محمد۔ شکریہ جناب چیئرمین ! بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

تو مشو غافل از آئینہ مکافات عمل
گندم از گندم بروئے جو از جو

جناب چیئرمین ! ہم اس وقت بھی اس side پر بیٹھتے تھے۔ ریکارڈ بھی اس پر گواہ ہے کہ اس وقت کی گورنمنٹ کی جو بے راہرویاں تھیں ، ان کی جو غلط پالیسیاں تھیں خصوصاً آج جس شخص کے لئے میں بول رہا ہوں ۔اس کے بارے میں ہم نے بہت کچھ کہا ہے ۔حقیقت یہ ہے کہ ہم نے ہر وقت ہر فلور پر انتہائی تنقید کی ہے لیکن اس وقت بھی اپنے ان دوستوں کو ہمیشہ یہ

مشورہ دیا کرتے تھے کہ (عربی) یہ دن جو ہیں ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں ۔جیسے موسم بدلتے رہتے ہیں ۔ یہ سیاسی موسم ، اقتدار کے موسم ،غربت کے موسم ، ایک دن ایک بندہ غریب ہے ۔ دوسرے دن سرمایہ دار ہے آج ایک با اقتدار ہے لیکن دوسرے دن پھر کچھ بھی نہیں ہے ۔وہ حزب اختلاف میں ہے۔ پھر یہ چند سالوں میں انتہائی تیزی سے حالات بدلتے دیکھے۔ ۲ سال ایک برسر اقتدار ہے۔ ۲ سال کے بعد دوسرا برسر اقتدار ہے ۔ہم اس وقت اپنے ان دوستوں کو انتہائی خلوص سے سادگی سے یہ مشورہ دیا کرتے تھے کہ خدا را ایسی روایات قائم نہ کرو جو آپ کے گلے میں خود پھنس جائیں اور حقیقت یہ ہے کہ اگر وہ خود یہ روایات قائم نہ کرتے ، اگر گورنمنٹ کی طرف سے آج کسی سرد مہری کا مظاہرہ ہوتا تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ اس طرف سے حد سے زیادہ شور بھی مچتا اور انتہائی جذباتیت سے اپنا حق سمجھتے ہوئے اس مسئلے کو اٹھاتے ۔ لیکن آج اس طرف بھی انتہائی دبے دبے الفاظ میں ، کیونکہ ان کا اپنا کردار ان کے سامنے ہے ۔ کل تک جب ہم جناب چوہدری شجاعت حسین صاحب کے لئے دلائل دے رہے تھے اور یہ جتاتے تھے اور ثابت کرنے کی کوشش کرتے تھے کہ ان کا ایک انتہائی بنیادی حق ہے ۔ قانونی ، آئینی اور سیاسی حق ہے ایوان میں حاضر ہونا ، یہی دلائل ہم آصف زرداری کے لئے دے رہے ہیں۔ ہم اصولی لوگ ہیں۔ جو دلائل کل ہم چوہدری صاحب کے لئے دے رہے تھے آج وہی دلائل، وہی فلسفہ ہم زرداری صاحب کے لئے پیش کر رہے ہیں ۔ میں یقیناً چوہدری صاحب سے خلوص کی بنیاد پر یہ درخواست کروں گا اس میں باقاعدہ وہ حساس ہونے کا مظاہرہ کریں اور دلچسپی لیں۔ یعنی وہ جو اپنے دلائل کل دے رہے تھے انہی دلائل کی روشنی میں وہ آصف زرداری صاحب کو یہاں حاضر کریں ۔ یقیناً وہ آ جائیں تو کیا کریں گے ۔ یعنی اس وقت بھی ہم نے شیخ رشید صاحب کے لئے قومی اسمبلی میں، مولانا صاحب نے جو ان کے حق میں دلائل دیئے تھے اور یہی کہا کہ شیخ رشید آ جائیں گے تو کیا کرلیں گے ۔ آسمان تو نہیں گرائیں گے کوئی تقریر کریں گے ۔ زیادہ سے زیادہ وہ تقریر میں دو تین گالیاں دیں گے اور تو کچھ نہیں کرسکیں گے ۔ آج بھی ہم یہی کہتے ہیں کہ آصف زرداری صاحب کو لایا جائے ۔

جناب چیئرمین! میں تین سال آپ کی سرپرستی میں ، نگرانی میں بہت کچھ سیکھا ہوں اور اس ایوان میں مجھے ایک ہی مسئلہ یاد آ رہا ہے ۔ جس پر انتہائی وزنی دلائل اور سنجیدگی سے یہاں ڈیڑھ دو گھنٹے بحث ہوئی ، اٹارنی جنرل صاحب نے بھی یہاں دلائل دیئے ۔ آپ نے باقاعدہ اس

پر تفصیلی رولنگ دی قواعد و ضوابط کا احاطہ کرتے ہوئے ایک انتہائی مضبوط بنیاد بنا کر اس پر آپ نے رولنگ دی اور آج بھی ہم آپ سے یہی توقع کرتے ہیں ۔ وہی رولنگ ، وہی دلائل آپ کے سامنے ہیں ۔ آج پھر ہم اس طرف کے دوستوں سے یہی درخواست کریں گے کہ یہ جو معروضی حالات ہیں یقیناً آپ کو مینڈیٹ حاصل ہے اور اکثریت حاصل ہے ۔ آئین سازی کے حوالے سے آپ کو کسی کی حمایت کی ضرورت نہیں ہے ۔ یہ حالات ایک ہی جگہ پر ٹھہرتے نہیں ہیں ۔ حالات بدلتے رہتے ہیں۔ ہم آپ سے یہی سفارش کریں گے ۔ یہی درخواست کریں گے کہ اپنے اپنے اصول مدنظر رکھ کر، بالفاظ دیگر اس وقت کی گورنمنٹ کو آپ نے ایک مشکل میں ڈال دیا ۔ ایک انتہا ء سے دوچار کر دیا ، آج بھی یہی اپیل اور درخواست کرتے ہیں کہ آپ وہی رولنگ دوبارہ دہرائیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ دفعہ جو ہم نے اپنے قواعد و ضوابط میں شامل کی اس کا واحد یہ ہی مقصد تھا۔ آپ اپنے ایک ممبر کے جو بنیادی حقوق ہیں پارلیمنٹ کے حوالے سے ، اس کا آپ تحفظ فرما سکیں۔ اسی لئے ہم نے یہ دفعہ ڈالی تھی ۔ باقاعدہ ترمیم اور اضافہ کرکے یہ دفعہ لائے تھے۔ واحد اس کا مقصد یہ تھا۔ آج بھی ہم آپ سے یہی توقع کرتے ہیں اور اپنے تمام اس طرف کے دوستوں سے ، خصوصیت سے چوہدری صاحب سے ، راجہ ظفر الحق صاحب سے یہی درخواست کرتے ہیں ۔ آج وہ انتہائی وسعت ظرفی کا مظاہرہ کریں ۔ اگر آپ اس پورے عمل کو ، میں ان حضرات سے یقیناً یہ درخواست کروں گا ۔ آپ کیا اس وقت بھی بہ یک آواز ، پوری قوم اور پارلیمنٹ یہ محسوس کر رہی تھی اور یہ کہہ رہی تھی کہ یہ ایک انتہائی براعمل ہے۔ غلط اور بالکل غیرسنجیدہ عمل ہے اور ہٹ دھرمی کا مظاہر ہ ہے کہ اس وقت جو ہمارے صاحبان جیل میں تھے ان کو نہیں لایا جارہا تھا ۔ اگر کل ان کا یہی عمل انتہائی غیر مہذب لگتا تھا ، ان کا یہ عمل اچھا نہیں لگتا تھا، کسی بھی سنجیدہ معاشرے میں، کسی بھی سنجیدہ شخص کی نظر میں وہ اچھا عمل نہیں تھا بلکہ اس وقت کی گورنمنٹ کے اپنے کچھ سنجیدہ ساتھی بھی یہ کہہ رہے تھے کہ یہ اچھا عمل نہیں ہے۔ جبکہ سنجیدہ لوگوں کا ، اچھے لوگوں کا ، شریف لوگوں کا، قانون دانوں کا اس پر اجماع ہے کہ یہ اچھا عمل نہیں ہے تو میں ان سے یہی درخواست کروں گا کہ جب آپ بھی اس پر متفق ہیں کہ یہ اچھا عمل نہیں ہے، برا عمل ہے تو برے عمل کے دہرانے میں میرے خیال میں کوئی اچھائی نہیں ہے اور اس میں کوئی خوبی نہیں ہے۔ بہترین شخص وہی ہے کہ برائی کا بدلہ اچھائی سے دے اور یہی میری درخواست ہے آپ سے بھی اور ان حضرات سے بھی ۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین ۔ جی جناب اکرم شاہ صاحب ۔

جناب اکرم شاہ خان ۔ شکریہ جناب چیئرمین ! میں آپ کی وساطت سے جناب راجہ محمد ظفرالحق صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ موجودہ تبدیلی کو صرف کرسیوں کی تبدیلی تک محدود نہ رکھیں کہ پہلے راجہ صاحب اس طرف بیٹھتے تھے ، اعتزاز احسن صاحب اس طرف بیٹھتے تھے ۔ اب راجہ صاحب وہاں چلے گئے ہیں اور اعتزاز احسن صاحب اس طرف آگئے ہیں بلکہ میری ان سے گزارش ہے کہ وہ ایک اچھا سیاسی کلچر اچھی سیاسی روایت قائم کریں۔

جناب چیئرمین !جیسے مجھ سے پہلے دوستوں نے کہا کہ اس سے پہلے جب بھی ہمارے اس ہاؤس کا کوئی ممبر اسیر ہوا تو ہم نے اس کے لئے آواز بلند کی اور ہم نے اس کا حق سمجھا کہ اس کو یہاں پر لایا جائے تاکہ وہ یہاں پر اپنا حق استعمال کر سکے۔ جناب چیئرمین ! میری آپ سے یہ گزارش ہے ، جیسے آپ نے اعتزاز احسن صاحب سے پوچھا کہ واقعی یہ میرے اختیار میں ہے تو جناب چیئرمین صاحب ! یہ آپ کے اختیار میں ہے ۔ ہماری آپ سے یہ گزارش ہے کہ آپ آصف زرداری صاحب کے پروڈکشن آرڈر جاری کریں اور آپ کے توسط سے جناب راجہ محمد ظفرالحق صاحب سے ہماری یہ گزارش ہے کہ وہ اپنی حکومت کو مجبور کریں کہ وہ ان کی اس ہاؤس میں حاضری کو یقینی بنائیں ۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کی وساطت سے جناب راجہ محمد ظفرالحق صاحب سے اور ان کی حکومت سے یہ گزارش کروں گا کہ اگر وہ اس ہاؤس کو مضبوط بنائیں گے ، وہ اگر آپ کی رولنگ کو مانیں گے ، وہ اگر آپ کی رولنگ کا احترام کریں گے تو مجھے یہ یقین ہے کہ جو پارٹی ، جو گورنمنٹ بھی اس ہاؤس کو مضبوط بنائے گی یہ ہاؤس اس حکومت کو مضبوط بنائے گا ۔ جو حکومت ، جو پارٹی اس ہاؤس کا مذاق اڑائے گی یہ ہاؤس اس کا مذاق اڑائے گا ۔اور بہت سی مثالیں ہمارے سامنے ہیں کہ جنہوں نے آپ کی رولنگ ، اس ہاؤس کے کسٹوڈین کی رولنگ ، چیئرمین کی رولنگ نہیں مانی ، جنہوں نے اس ہاؤس کے ممبران کا احترام نہیں کیا ، جنہوں نے اس ہاؤس کے تقدس کو برقرار نہیں رکھا اس ہاؤس نے ان کا بھی مذاق اڑایا ۔ ان کو ان کے کئے کی سزا ملی ۔ تو میں موجودہ حکومت کے دوستوں سے یہ گزارش کروں گا کہ اگر وہ چاہتے ہیں کہ ان کا انجام برا نہ ہو ، ان کی حکومت مضبوط رہے ، ان کی حکومت اپنی میعاد پوری کرے تو اس کے لئے سب سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ وہ اس ہاؤس کو مضبوط بنائیں۔ اس ہاؤس کی مضبوطی سے آپ کی رولنگ اور اس ہاؤس کے تمام ممبران کا یقیناً احترام ہو

گا ۔ تو میں آخر میں ایک بار پھر آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ زرداری صاحب کو ہاؤس میں حاضر کرنے کے آرڈر جاری کریں اور راجہ صاحب سے آپ کی وساطت سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنی حکومت کو مجبور کریں وہ یقینی بنائیں کہ زرداری صاحب آ کر اس ہاؤس کی کارروائی میں حصہ لے سکیں۔

جناب چیئرمین ۔ شکریہ جی ۔ Any body else from this side? کوئی اور نہیں ' اس جانب سے ' جی اعجاز علی جتوئی صاحب ۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ شکریہ جناب چیئرمین ! رولز آف پروسیجر تو آپ نے ----

جناب چیئرمین - I would like to confine yourself to the legal aspect. اس وقت تو سوال یہ ہے کہ میرے کیا اختیارات ہیں' میں کیا کر سکتا ہوں' کیا کرنا چاہئیے ؟

جناب اعجاز علی خان جتوئی ۔ ایک رولنگ سینٹ کے ریکارڈ میں موجود ہے جناب ' جو آپ نے پہلے دی ہے اور اس کو جس طرح سے violate کیا گیا ۔ ایک مرتبہ مجھے یاد ہے کہ آپ نے خود کہا کہ اب تو میرے پاس اور کچھ نہیں ہے ' میں خود بائیکاٹ کر لوں اور سیشن سے واک آؤٹ کر جاؤں ۔ جناب یہی رول 90 کی نیشنل اسمبلی میں موجود ہیں ۔ وہاں جس طرح ہمارے ممبران پر جھوٹے کلاشنکوف کے مقدمات قائم کئے گئے تھے ' ان کو وہاں نہیں لایا گیا ' اس طرح وہاں قانون کی خلاف ورزی کی گئی۔ یہ بھی آپ کے علم میں ہے' یہ ساری قوم کے علم میں ہے۔جناب والا! میں آپ کو ایک اور عرض کر دوں ریکارڈ کی درستگی کے لئے کہ ہمارے یہ دوست جب حکومت میں آتے ہیں تو یہ نئی روایت قائم کرتے ہیں۔ جون 1970 میں جب بھٹو صاحب حکومت میں آئے تو اس وقت بھی--- جناب والا! یہاں کئی پارٹیاں موجود ہیں۔ نیپ کے نام سے ایک پارٹی تھی ۔ وہ اے این پی کے نام سے موجود ہے ۔جے یو آئی کے جناب فضل الرحمن صاحب کے والد کو جس طرح سے نیشنل اسمبلی میں سارجنٹ ایٹ آرمز نے دھکے دے کر زخمی کیا ' میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو پاکستان کی پارلیمانی تاریخ میں اس سے زیادہ کوئی مثال نہیں ملے گی ۔ یہ نئی روایات قائم کرتے ہیں ۔ چوہدری ظہور الہٰی کا کیس آپ کے سامنے ہے ۔ جس طرح سے ممبران کو ہاؤس کے اندر مارا پیٹا گیا ۔ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ ہم اچھی روایات قائم کرنے کے لئے یہاں آئے ہیں ۔ یہ کہتے ہیں کہ آرڈیننسز ۔جناب والا! آرڈیننسز فیکٹری

انھوں نے قائم کی ہوئی تھی ۔ اگلی مرتبہ آپ کو یاد ہو گا کہ 1990 کے 6 اگست کو جب غلام اسحاق خان نے حکومت dismiss کی تھی تو اس وقت ایک چارج تھا کہ آپ نے قانون سازی نہیں کی ۔ اس کے علاوہ کرپشن اور باقی چیزیں لیکن ہم تو یہ کہتے ہیں کہ جناب والا! آصف زرداری کا معاملہ کورٹ میں ہے ۔ کیا انھوں نے کورٹ کے اندر درخواست move کی ہے کہ کورٹ آرڈر دے کہ آپ ان کو لے جاسکتے ہیں ۔ اس کا ایک legal aspect یہ بھی ہے ۔ وہ اس وقت under trial prisoner ہیں شہید مرتضیٰ بھٹو کے جو بدقسمتی سے انہی کی حکومت کے کارندوں کے ہاتھوں مارا گیا ۔ جناب والا! یہ بھی ایک تاریخ ہے کہ بہن وزیراعظم ہو اور بھائی مارا جائے ۔ ایسی مثال آپ کو کسی ملک میں نہیں ملے گی۔ اسی وجہ سے وہ اسی مقدمے کے تحت اس وقت under trial prisoner ہیں۔ ایک طرف ہمارے دوست یہ کہتے ہیں کہ ان کی زندگی کو خطرہ ہے۔ ان کے کیس کی کارروائی جیل کے اندر چلائی جائے ۔ جناب والا! اس کا legal aspect یہ ہے کہ وہ پہلے کورٹ میں جائیں، آصف زرداری کے لئے درخواست move کریں کہ ہمیں ان کو لے جانے کی اجازت دی جائے ۔ اس کے بعد جناب والا! آپ کا رول آتا ہے ۔ اس کے بعد سینٹ کا رول آتا ہے کیونکہ کورٹ کے اندر تو آپ مداخلت نہیں کر سکتے ۔ جناب والا ! میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انھوں نے کوئی رول نہیں چھوڑا کہ پورا ملک اور قوم گواہ ہے کہ جہاں پر انھوں نے پارلیمنٹ کو by pass نہ کیا اور پارلیمنٹ کے فیصلے کو by pass نہ کیا ۔ آج بھی ہم اس میں کوئی رول ادا نہیں کر رہے ہیں کہ یہ نہیں آئے ۔ ایک ممبر کے آنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن بات یہ ہے کہ تاریخ اور کچھ legal aspects یہ بھی observe کریں ۔ پہلے یہ کورٹ میں جائیں اور properly درخواست move کریں ۔ اس کے بعد آپ کی باری آتی ہے ۔

Mr. Chairman: Aftab Sheikh Sahib. Please dilate on legal aspect because you know the whole background.

کہ اس وقت کیا پوزیشن ہے ، کیا ہونا چاہئیے ۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, in fact if you have not observed that we are only dilating on the legal aspect. I would not have got up. Since you have observed that if we limit ourselves to the legal position that obtains in

